رول نمبر: ____________

Objective
Paper Code
5023

جماعت نہم

# اُردو لازمی (حصہ معروضی) گروپ پہلا

FBD-1-24

وقت: 20 منٹ    کل نمبر: 15

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عقول کا واحد ہے: | عقلا | عاقل | عقل | عقیل |
| 2 | اول کی جمع ہے: | اولی | اولین | وائل | اوائل |
| 3 | چیلا کی مؤنث ہے: | چیلی | چالن | چیل | چلنی |
| 4 | کمال کا متضاد ہے: | اکمل | زوال | زائل | معزول |
| 5 | اژدھا کی مؤنث ہے: | اژدھیہ مادہ | اژدھن | مادہ اژدھا | اژدھان |
| 6 | آتشِ غم میں دلِ بُھنا شاید دیر سے بُو کباب کی سی ہے<br>یہ شعر کس ادبی اصطلاح کا حامل ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجازِ مُرسل |
| 7 | نظم "پیوستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ" سے علامہ اقبال کا مقصد ہے: | شاخِ بریدہ کی داستانِ حیات | شجر سایہ دار کی آپ بیتی | زرِ کامل عیار کی تیاری | قومی یکجہتی کی ترویج |
| 8 | "اس کا قد سرو کی طرح لمبا ہے"، میں "مشبہ بہ" ہے: | طرح | قد | سرو | لمبا |
| 9 | نتیجہ شائع ہونے پر کمترین جملہ مضامین میں ______ ہوا۔ | بدرجۂ اعلیٰ پاس | بدرجۂ اعلیٰ فیل | بدرجۂ اعلیٰ وظیفہ کا مستحق | بدرجۂ اعلیٰ ممتاز |
| 10 | سردار تجمّل کی مصوّر نوازی کا مقصد تھا: | فنِ مصوری کی خدمت | نادار مصوّر کی مدد | النشاط کی آرائش و زیبائش | سوسائٹی میں عزت و احترام |
| 11 | بیمار میاں کا آرام و سکون کس کی وجہ سے غارت ہوا؟ | بچہ | بیوی | لَلّو | فقیر |
| 12 | نصوح کا بیٹا سلیم حضرت بی کے نواسوں کے پاس مدد کے لئے گیا۔<br>کیوں کہ اسے یاد نہ تھا۔ کیا یاد نہ تھا؟ | آموختہ | اندوختہ | افروختہ | رُوباختہ |
| 13 | میرؔ کا کلام آہ اور مرزا کا کلام واہ ہے۔ "میر" اور "مرزا" سے کون سے شعراء مراد ہیں؟ | میر تقی میرؔ اور مرزا غالب | میر تقی میرؔ اور مرزا رفیع سوداؔ | امیر مینائی اور مرزا غالب | میر امن اور مرزا فرحت اللہ بیگ |
| 14 | بیرنگ خط سے مراد ہے: | بغیر رنگ والا خط | ایسا خط جس کا کونہ کٹا ہوا ہو | بغیر یا کم ٹکٹ خط | خالی لفافہ جس میں کاغذ نہ ہو |
| 15 | ہجرتِ مدینہ کے وقت مکہ میں "خون بہا" کی مالیت تھی: | دس اونٹ | بیس اونٹ | نصف صد اونٹ | سو اونٹ |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر: ____________

جماعت نہم

# اُردو لازمی (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے          کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

FBD-1-24

10 ۔2 حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:

(حصہ نظم)

(i) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(ii) سبزوں کی لہلہاہٹ ، کچھ ابر کی سیاہی
اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی

(iii) جو بے داغ لالہ ، جو بے خار گُل ہے
وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے

(iv) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اِس سے سوا تیرا
اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(حصہ غزل)

(v) لگتا نہیں ہے دِل مرا اُجڑے دیار میں
کِس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

(vi) ہم کو اُن سے ، وفا کی ہے اُمید
جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے

(vii) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

## ( حصہ دوئم )

10 ۔3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:

(الف) حضرت ابو بکر ؓ سے پہلے قرارداد ہو چکی تھی۔ دونوں صاحب پہلے جبلِ ثور کے غار میں جا کر پوشیدہ ہوئے۔ یہ غار آج بھی موجود ہے اور بوسہ گاہِ خلائق ہے۔

(ب) شمالی دیوار کے ساتھ لگی ہوئی دونوں الماریوں میں مجلد کتابیں۔ کارنس اور تپائیوں کے اوپر تر و تازہ پھولوں سے مزیّن گل دان، دروازے اور کھڑکیوں پر ریشمی پردے۔ وسط میں ایزل پر کینوس جو ابھی تک سادہ اور صاف ہے۔

10 ۔4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے:

(i) مصنف کا بنگلا کس روڈ پر تھا؟
(ii) مزاحیہ اور طنزیہ تحریر میں کیا فرق ہے؟
(iii) ڈراما "لہو اور قالین" میں کونسا موسم دکھایا گیا ہے؟
(iv) سیّد امتیاز علی تاج نے ریڈیو پر کونسا پروگرام شروع کیا؟
(v) غارِ ثور میں قیام کے دوران حضرت ابو بکر صدیق ؓ کے غلام نے کیا خدمت کی؟
(vi) عہدِ جوانی کس کے واسطے لازوال ہے؟
(vii) شاعر کے لئے باعثِ حرمت کیا ہے؟
(viii) کون مشتاق ہے اور کون بے زار ہے؟

05 ۔5 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i) نصوح اور سلیم کی گفتگو (ii) قدرِ ایاز

05 ۔6 نصاب میں شامل نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام لکھیے۔

10 ۔7 اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بیماری کی رخصت کے لئے درخواست لکھیے۔ -- یا --
چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اُسے اچھی صحبت اختیار کرنے کے لئے نصیحت کیجیے۔

05 ۔8 "سچ کی برکت" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ -- یا -- دو ہم جماعتوں کے درمیان پڑھائی میں مدد کے لئے مکالمہ تحریر کیجیے۔

05 ۔9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے:

(i) طبیعت نے چاہا تو ضرور چلا جاؤں گا۔ (ii) اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔ (iii) میں نے فرحان دیکھا۔
(iv) عورتوں نے کہاں ہم آگئی ہیں۔ (v) خون سرخ ہونا۔

-- یا --

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) آدمی کا شیطان ____ (ii) پاک ____ (iii) رات گئی ____ (iv) شیخی اور ____ (v) صورت نہ شکل ____



www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر: ______

جماعت نہم

اُردو لازمی (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

Objective
Paper Code
FBD-2-24 5028

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کس حملہ آور کے وقت نظیر اکبر آبادی اپنی ماں اور نانی کے ساتھ آگرہ پہنچے؟ | احمد شاہ ابدالی | نادر شاہ | سلطان محمود غزنوی | محمد بن قاسم |
| 2 | مرزا غالب کی شادی کے وقت عمر تھی: | بارہ برس | تیرہ برس | چودہ برس | پندرہ برس |
| 3 | سیّد کی مؤنث ہے: | سیّدہ | سیّدانی | سادات | سادانی |
| 4 | مشرق کا متضاد ہے: | مشرقین | مشارک | جنوب | مغرب |
| 5 | شجر کا مترادف ہے: | درخت | اشجار | پرندے | طیور |
| 6 | موج کی جمع ہے: | موجیں | موجاں | امواج | موجوں |
| 7 | سجدہ کی جمع ہے: | سجادہ | ساجد | سجود | مسجود |
| 8 | رسول کریم ﷺ کے مدینہ آنے کی خبر دی: | حضرت ابو بکرؓ نے | حضرت عمرؓ نے | ایک یہودی نے | ایک عورت نے |
| 9 | حالیؔ نے لاہور آکر ملازمت کرلی: | پولیس میں | فوج میں | پنجاب بک ڈپو میں | بنک میں |
| 10 | سبق "آرام و سکون" میں ڈاکٹر نے مریض کو دوا سے زیادہ کیا ضرورت بتائی؟ | پرہیز | آرام و سکون | سیر | ورزش |
| 11 | سبق "امتحان" میں مصنف نے کس سے پوچھا کہ یہ پرچہ کس مضمون کا ہے؟ | طالب علم سے | نگران سے | سپرنٹنڈنٹ سے | گارڈ سے |
| 12 | دیوان فضل اللہ، مرزا کے مکان سے بغیر ملے گزرے: | بگھی میں | چرٹ میں | پالکی میں | کار میں |
| 13 | الگو چوہدری کو آئے دن واسطہ رہتا تھا: | حکومت سے | پولیس سے | فوج سے | عدالت سے |
| 14 | ڈراما "لہو اور قالین" میں اختر کی بنائی ہوئی تصویر کو انعام کا مستحق قرار دیا گیا: | اوّل | دوئم | سوئم | چہارم |
| 15 | شاعر امیر مینائی کے نزدیک "مکاں اور لامکاں" میں کس کی ذات ہے؟ | انسان کی | حضور ﷺ کی | ملائکہ کی | انبیاء کی |

902-IX124-110000

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر: ____________

جماعت نہم

# اُردو لازمی (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے　　کل نمبر: 60

FBD-2-29

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)
(i) سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں　　ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے
(ii) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا　　بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا
(iii) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور　　رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے
(iv) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں　　گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(حصہ غزل)
(v) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار　　قلم اپنا موتی پرویا کیا
(vi) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہو گا　　اور درویش کی صدا کیا ہے
(vii) بُلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ　　قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

## ( حصہ دوئم )

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنّف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10

(الف) ایک مشاعرے میں شیخ امام بخش ناسخ ایسے وقت پہنچے کہ جلسہ ختم ہو چکا تھا، مگر خواجہ حیدر علی آتش وغیرہ چند شعرا ابھی موجود تھے، یہ جا کر بیٹھے۔ تعظیم رسمی اور مزاج پُرسی کے بعد کہا کہ جناب خواجہ صاحب مشاعرہ ہو چکا؟ انھوں نے کہا کہ سب کو آپ کا اشتیاق رہا۔ شیخ صاحب نے یہ مطلع پڑھا:

(ب) توبہ آپ تو بوکھلا دیتے ہیں۔ دیکھ رہے ہیں، خط لکھ رہی ہوں۔ بچے کو چُپ کیوں کر کرا سکتی ہوں؟ نامراد چُپ ہو جا۔ خون نکل آیا تو کیا قیامت آ گئی؟ ابھی آ رہی ہوں دو سطریں لکھ لوں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟
(ii) رسمی اور غیر رسمی خطوط میں کیا فرق ہے؟
(iii) مولانا شبلی نعمانی کے اسلوب کی دو خوبیاں لکھیے۔
(iv) بلی اور کتے کی رقابت کیوں مشہور ہے؟
(v) کارن فلیک اور دال دلیا میں کیا فرق ہے؟
(vi) بہادر شاہ ظفر کو رنگون میں کیوں جلاوطن کیا گیا؟
(vii) اصطلاح میں مطلع غزل کے کس شعر کو کہتے ہیں؟
(viii) کنایہ سے کیا مراد ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) ملکی پرندے اور دوسرے جانور 05

6۔ نصاب میں شامل نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7۔ مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔ -- یا -- 10
ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔

8۔ "دودھ میں پانی" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ -- یا -- ڈاکٹر اور مریض کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) حسنین کو کتاب پڑھی۔ (ii) میں نے دوڑا لیکن چور بھاگ گیا۔ (iii) عثمان نے شاگرد پڑھایا۔
(iv) حبیب، منیب اور مجیب آیا۔ (v) اپنے گریبان میں ہاتھ ڈالنا۔

-- یا --

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) بلی کے بھاگوں _____ (ii) جس کی لاٹھی _____ (iii) غریب کی جورو _____ (iv) لا دو لے لدا دے _____ (v) خدمت سے _____

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

# پیپر اُردو (لازمی) کلاس نہم فیصل آباد بورڈ 2023ء

گروپ (پہلا)

کل نمبر:15 | (معروضی حصہ) | وقت:20 منٹ

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| Q.1 | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | اللہ کا گدا ہمیشہ مگن رہتا ہے: | کملی میں | کام کرنے میں | عبادت میں | اپنے آپ میں |
| (ii) | تمام دیہاتیوں نے ماسٹر جی سے کون سے برخورداروں کی خیریت دریافت کی؟ | شیر خوار | ہونہار | نومولود | نامولود |
| (iii) | پہاڑی کوّا لمبا ہوتا ہے: | ایک فٹ | ڈیڑھ فٹ | دو فٹ | اڑھائی فٹ |
| (iv) | طالب علم نے کس سے پوچھا کہ یہ پرچہ کس مضمون کا ہے؟ | نگران سے | کسی طالب علم سے | گارڈ سے | سپرنٹنڈنٹ سے |
| (v) | میاں کتنے بجے دفتر جایا کرتے تھے؟ | صبح آٹھ بجے | صبح دس بجے | صبح نو بجے | شام سات بجے |
| (vi) | سلیم ڈرتا ڈرتا کہاں گیا؟ | مسجد | بازار | اوپر | مدرسے |
| (vii) | ایک صحبت میں مرزا غالب کس کی تعریف کر رہے تھے؟ | میر تقی میر کی | مومن کی | بہادر شاہ ظفر کی | ذوق کی |
| (viii) | ہجرت کے وقت آپ خاتم النبیین ﷺ کے پاس بہت سی جمع تھیں: | تلواریں | کھجوریں | نعمتیں | امانتیں |
| (ix) | جریدہ کی جمع ہے: | جرائد | جرد | جرود | جرید |
| (x) | محدث کی جمع ہے: | محدثن | محدثین | احادیث | حدیث |
| (xi) | شریف کا متضاد ہے: | کمین | قلیل | رذیل | قریب |
| (xii) | عُسرت کا مترادف ہے: | غربت | راحت | نفرت | الفت |
| (xiii) | گھسیارا کی مؤنث ہے: | گھسیاران | گھسیاریہ | گھسیارنی | گھسیارن |
| (xiv) | مرزا غالب نے اپنی غزل میں کس کو ناداں کہا ہے؟ | دماغ | دل | جگر | آنکھ |
| (xv) | نظیر اکبر آبادی کا اصل نام ہے: | علی محمد | عطا محمد | ولی محمد | احمد علی |

www.pakcity.org

کل نمبر:60 | انشائیہ حصہ (اوّل) | وقت:2:10 منٹ

2. حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (10)

(حصہ نظم)

(i) صبا بے شک آتی مدینے سے تُو ہے — کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بُو ہے

(ii) جچتا نہیں نظروں میں یاں خِلعتِ سُلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(iii) ہے تیرے گُلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور — خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

(iv) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

(حصہ غزل)

(v) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے

(vi) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یاالٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

(vii) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

## حصہ دوئم

3. مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ (05, 05)

(i) اس وقت جب کہ دعوتِ حق کے جواب میں ہر طرف سے تلوار کی جھنکاریں سنائی دے رہی تھیں، حافظِ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان مدینہ کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا، لیکن خود وجودِ اقدس ﷺ جو اُن ستم گاروں کا حقیقی ہدف تھا، اپنے لئے حکمِ خدا کا منتظر تھا۔

(ii) عام طور پر بلبل کو آہ وزاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لئے اکسایا جاتا ہے۔ بلبل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بلبل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بلبل اور گلاب کے پھول کی پھول کی افواہ کسی شاعر نے اُڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بلبل کو نالہ وشیون کرتے دیکھا تھا۔ کم از کم اس کا خیال تھا کہ وہ پرندہ بلبل ہے اور وہ چیز نالہ وشیون۔

4. کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ **(10)**

(i) شب ہجرت رسول پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا ارشاد فرمایا؟

(ii) آپ اپنے سکول میں دہشت گردی کی روک تھام کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟

(iii) محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(iv) تجمل نے اختر کے بارے میں کس قسم کے خیالات کا اظہار کیا؟

(v) ڈراما ''آرام وسکون'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(vi) خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

(vii) سبق ''پنچایت'' میں الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟

(viii) اصطلاح میں مطلع سے کیا مراد ہے؟

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے: (i) ہجرتِ نبوی ﷺ (ii) قدرِ ایاز **(05)**

6. نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھئے۔ **(05)**

7. جہیز کی رسم اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف کی مذمت کرنے کے لئے دوست کے نام خط تحریر کیجیے۔ --یا--

پوسٹ ماسٹر صاحب کو ڈاکیے کی شکایت پر مشتمل درخواست تحریر کیجیے۔ **(10)**

8. ''جس کا کام اُسی کو ساجے'' کے عنوان پر ایک کہانی لکھئے۔ --یا-- مریض اور طبیب کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجیے۔

9. درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ **(05)**

(i) سلمان نے کراچی جانا ہے۔ (ii) طارق نے کمر کو باندھا۔ (iii) عورتوں نے کہا ہم آگئی ہیں۔

(iv) سوت نہ کپاس جولاہے سے جھگڑا۔ (v) جس کی لاٹھی اس کی گائے۔ --یا--

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجئے۔

(i) آدمی کا شیطان ______ ہے۔ (ii) بارہ برس دلی میں رہے ______ جھونکا کئے۔ (iii) آخ تھو ______ ہیں۔

(iv) بوڑھی گھوڑی ______ لگام۔ (v) بلّی کے بھاگوں ______ ٹوٹا۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

# پیپر اُردو (لازمی) کلاس نہم فیصل آباد بورڈ 2023ء

گروپ (دوسرا)

وقت: 20 منٹ | (معروضی حصہ) | کل نمبر: 15

نوٹ: D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| Q.1 | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | امیر مینائی کے خیال میں صبا کہاں سے آتی ہے؟ | مدینے سے | مکہ سے | نجف سے | پہاڑوں سے |
| (ii) | یہ مصرع "اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی" کس شاعر کا ہے؟ | جرات کا | انشا کا | درد کا | میر کا |
| (iii) | "امتحان" میں طالب علم نے کتنے سال میں لاء کلاس کا کورس پورا کیا؟ | دو سال | چار سال | تین سال | پانچ سال |
| (iv) | ''قدر ایاز'' میں سلیم اور علی بخش دونوں کی آنکھوں میں دیہاتی کے لئے چمک تھی: | نفرت کی | حقارت کی | محبت کی | ہمدردی کی |
| (v) | مرزا ادیب کا اصلی نام تھا: | صداقت علی | دلاور علی | رحمت علی | اکبر علی |
| (vi) | سر سیّد احمد خاں کے مطابق ہر ایک انسان پر لازم ہے: | اپنے بارے میں سوچے | مزے دار کھانا کھائے | حقے کے دھوئیں اڑائے | اپنے اندرونی قویٰ کو زندہ رکھے |
| (vii) | لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے: | محبت بھرے | دکھ بھرے | بیرنگ | طویل |
| (viii) | سبق ''ہجرت نبوی ﷺ'' میں پلنگ پر آنحضرت خاتم النبیین ﷺ کی بجائے کون آرام کر رہے تھے؟ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | حضرت امیر رضی اللہ عنہ |
| (ix) | معاریف کا واحد ہے: | معارف | معرف | معروف | معریف |
| (x) | عضو کی جمع ہے: | عضوون | اعضا | عضاء | عضان |
| (xi) | عُسرت کا مترادف ہے: | فقیری | عیاشی | امیری | تنگ دستی |
| (xii) | رغبت کا متضاد ہے: | نفرت | محبت | مخالفت | قربت |
| (xiii) | سنار کی مؤنث ہے: | سناری | سناران | ستارین | منسیارن |
| (xiv) | بہادر شاہ ظفر میں انسان عمر دراز مانگ کر لایا ہے: | دو دن | تین دن | پانچ دن | چار دن |
| (xv) | ''پیوستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ'' میں ڈالی کا ہرا ہونا ممکن ہے: | امید بہار سے | سحاب بہار سے | فصل خزاں سے | تازہ ہوا سے |

وقت: 2:10 منٹ | انشائیہ حصہ (اوّل) | کل نمبر: 60

2. حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجئے۔ (10)

(حصہ نظم)

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لئے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا — مکاں میں بھی تو، لا مکاں میں بھی تو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) ہے تیرے گلستاں میں بھی فصل خزاں کا دور — خالی ہے جیب گل، زرِ کامل عیار سے

(حصہ غزل)

(v) بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

(vi) جان خُم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

(vii) عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

حصہ دوئم

www.pakcity.org

3. مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا نام اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ **(05, 05)**

(i) نبوت کا تیرھواں سال شروع ہوا اور اکثر صحابہ رضوان اللہ اجمعین مدینے پہنچ چکے، تو وحی الٰہی کے مطابق آنحضرت خاتم النبیین ﷺ نے بھی مدینے کا عزم فرمایا۔ قریش نے دیکھا کہ اب مسلمان مدینے میں جا کر طاقت پکڑے جاتے ہیں اور وہاں اسلام پھیلتا جاتا ہے۔ چنانچہ لوگوں نے مختلف رائیں پیش کیں۔

(ii) عام طور پر بلبل کو آہ وزاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لئے اکسایا جاتا ہے۔ بلبل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بلبل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بلبل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اُڑائی تھی۔

4. کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ **(10)**

(i) شب ہجرت رسول پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا ارشاد فرمایا؟

(ii) موٹی بلیاں اپنا موٹاپا کیسے چھپا سکتی ہیں؟ (ملکی پرندے اور دوسرے جانور)

(iii) برسات کی بہاریں گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

(iv) شیخ جمن نے فیصلہ سناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟

(v) دیہاتی لڑکے کی کہانی سن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟

(vi) صبا میں کس شہر کے پھولوں کی خوشبو ہے؟

(vii) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں کیں؟

(viii) غزل کے شاعر کا قلم کیا کام کرتا ہے؟

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ (i) مرزا غالب کے عادات وخصائل (ii) امتحان **(05)**

6. نظم ''برسات کی بہاریں'' کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھئے۔ **(05)**

7. اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کے نام فیس معافی کی درخواست لکھئے۔ --یا--

اپنی بہن کے نام ایک خط لکھئے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا ذکر ہو۔ **(10)**

8. ''بے وقوف کچھوا'' کے عنوان پر ایک کہانی لکھئے۔ --یا-- ہوٹل کے مینجر اور گاہک کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ **(05)**

9. درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ **(05)**

(i) ریوڑ جنگل میں چر رہے ہیں۔ (ii) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔ (iii) رقیہ نے کھانا کو پکایا۔

(iv) محمود نے پیدل چلا۔ (v) کتابیں کا پیاں اور رجسٹر سب کچھ فروخت ہوگئے۔ --یا--

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجئے۔

(i) نوسو چوہے کھا کے _____۔ (ii) فقیر کی صورت _____۔ (iii) طویلے کی بلا _____۔

(iv) بلّی کے بھاگوں _____۔ (v) کمخواب میں _____۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر: __________

جماعت نہم

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ پہلا

Objective Paper Code 5023

FBD-G1-22

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | قوت کا متضاد ہے: | ضعیف | ضعفا | ضعیفوں | ضعف |
| 2 | بندی کا مذکر ہے: | بچہ | بندہ | لڑکا | بندوں |
| 3 | کنوارا کی مؤنث ہے: | کنوارن | کنوارنی | کنواری | کنوارنوں |
| 4 | اُمرا کا واحد ہے: | امیروں | امیر | آمر | امور |
| 5 | شغل کی جمع ہے: | اشغال | شغلوں | شغلیں | شغالین |
| 6 | لغت میں غزل کے معنی ہیں: | موسیقی | لطف اندوز ہونا | آپس میں بات کرنا | عورتوں سے باتیں کرنا |
| 7 | نظم "نعت" کے شاعر کا نام ہے: | شبلی نعمانی | حالی | امیر مینائی | غالب |
| 8 | ردیف کے لغوی معنی ہیں: | سوار کے پیچھے بیٹھنے والے کے | مشکل لفظ کے | ہم آواز کے | رد کرنے کے |
| 9 | اسکول میں مشکوک بیگ نظر آنے کی صورت میں: | دوستوں کو مطلع کریں | بیگ خود ہٹا دیں | ایمرجنسی نمبرز پر اطلاع دیں | ٹیچر کو بتائیں |
| 10 | ڈاکٹر کے مطابق میاں کو کیا بیماری تھی؟ | شوگر | دل کی بیماری | تکان اور حرارت | سر درد |
| 11 | "لہو اور قالین" کے مصنف کا نام ہے: | غالب | حالی | آزاد | میرزا ادیب |
| 12 | سبق "امتحان" کا انتخاب کیا گیا ہے: | عرشِ بریں | مضامین فرحت | سیرت النبی ﷺ | یادگارِ غالب |
| 13 | ماسٹر جی نے کس چیز کی فرمائش کی؟ | چائے کی | لسی کی | کارن فلیک کی | کافی کی |
| 14 | ایک صحبت میں مرزا غالب کس کی تعریف کر رہے تھے؟ | ذوق کی | مومن کی | بہادر شاہ ظفر کی | میر تقی میر کی |
| 15 | صبح جب قریش کی آنکھیں کھلیں تو پلنگ پر آنحضرت ﷺ کی بجائے کون تھے؟ | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | جناب امیر رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ |



www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر:....................

جماعت نہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

FBD-G1-22

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا — مکاں میں بھی تُو، لا مکاں میں بھی تُو ہے

(iii) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تابہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

(حصہ غزل)

(v) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

(vi) مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا — وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

(vii) جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## ( حصّہ دوئم )

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 10

(i) اگرچہ مرزا کی آمدنی قلیل تھی، مگر حوصلہ فراخ تھا۔ سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ ان کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لُولے اور اپاہج مرد عورت پڑے رہتے تھے۔

(ii) سلیم اور علی بخش دونوں کی آنکھیں نم تھیں اور دونوں کی آنکھوں میں ایک دیہاتی کے لیے محبت کی چمک تھی۔ ایاز اپنے اصلی لباس میں بھی ایسا معیوب نظر نہیں آتا تھا!

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) خواجہ آتش اپنے اس شاگرد سے کیا کہا کرتے تھے جو اکثر بیروزگاری کی شکایت سے سفر کا ارادہ کیا کرتے تھے؟

(ii) سرسیّد احمد خان کی نظر میں قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

(iii) "نعت" کے شاعر کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

(iv) "قدرِ ایاز" میں ماسٹر جی کو سر کے نیچے تکیہ فِٹ کرنے میں دِقّت کیوں پیش آئی؟

(v) "حمد" کے حوالے سے محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(vi) "آرام و سکون" میں میاں نے بیگم سے ہمسایوں کو کیا لکھ کر بھیجنے کو کہا؟

(vii) بلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

(viii) امتحان کی تیاری کے لیے مضمون نگار نے اپنے والدین سے کیا تقاضا کیا؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) کاہلی (ii) امتحان 05

6۔ نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیے۔ 05

7۔ اپنی بہن کے نام خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے۔ ۔ یا ۔ 10

ہیلتھ آفیسر کے نام صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے درخواست لکھیے۔

8۔ "لالچ کی سزا" کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے۔ ۔ یا ۔ دو ہم جماعت کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) دل نے چاہا تو کراچی جاؤں گا۔ (ii) ہم نے حج کرنا ہے۔ (iii) اس نے کتاب کو خریدا۔

(iv) عورتوں نے کہا ہم آگئی ہیں۔ (v) ہمت کو نہ ہارو۔

۔ یا ۔

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) آپ آئے ____ آئے۔ (ii) بلّی کے ____ چھینکا ٹوٹا۔ (iii) زبانِ خلق کو ____ سمجھو۔

(iv) کاٹھ کی ____ بار بار نہیں چڑھتی۔ (v) اپنے منہ ____ بننا۔



www.pakcity.org

جماعت نہم

Objective Paper
Code

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ FBD-G2-22 5022 کل نمبر: 15

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پہلے سے قرارداد ہو چکی تھی: | حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے | حضرت زید رضی اللہ عنہ سے | حضرت علی رضی اللہ عنہ سے | حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے |
| 2 | سرسیّد نے محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علی گڑھ کی بنیاد رکھی: | 1875ء میں | 1877ء میں | 1886ء میں | 1885ء میں |
| 3 | دوستی کا درخت پھر سے ہرا ہو گیا: | بوسیدہ | سوکھا ہوا | مرجھایا ہوا | ٹوٹا ہوا |
| 4 | انشاءاللہ خان ایک دن ملاقات کو آئے: | غالب | میر درد | جرأت | مصحفی |
| 5 | ڈاکٹر کے مطابق میاں کو بیماری تھی: | شوگر | دل کی بیماری | تکان اور حرارت | سر درد |
| 6 | "ڈراما" لفظ سے ماخوذ ہے: | انگریزی | فرانسیسی | اطالوی | یونانی |
| 7 | کوا باورچی خانے کے پاس رہتا ہے: | ناخوش | اداس | مسرور | خوف زدہ |
| 8 | ردیف کے معنی ہیں: | بیٹھنے والا | سوار کے پیچھے بیٹھنے والا | پیچھے چلنے والا | آگے بیٹھنے والا |
| 9 | اقبال نے سبق اندوز ہونے کو کہا ہے: | شاخِ بُریدہ سے | قاعدۂ روزگار سے | خزاں سے | بہار سے |
| 10 | شاعر کا دل نہیں لگتا: | کوئے یار میں | فصلِ بہار میں | دلِ داغ دار میں | اجڑے دیار میں |
| 11 | حبیب کی جمع ہے: | اصحاب | احباب | حبائب | صاحب |
| 12 | عنادل کا واحد ہے: | عناد | عندلیب | عندیل | اعناد |
| 13 | یگانہ کا متضاد ہے: | مخالفانہ | ناہموار | بےگانہ | دوستانہ |
| 14 | نائی کی مؤنث ہے: | نند | تندوئی | نایان | نائن |
| 15 | آسائش کا مترادف ہے: | راحت | عسرت | غربت | ظلمت |

2-IX122-100000

www.pakcity.org

جماعت نہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

F

وقت: 02:10 گھنٹے    کل نمبر: 60

## (حصہ اول)    FBD-G2-22

10 2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:

**(حصہ نظم)**

(i) چھپتا نہیں نظروں میں یاں خلعت سلطانی / کملی میں نہاں اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر / یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

(iii) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی / یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو / نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

**(حصہ غزل)**

(v) میر اُن نیم باز آنکھوں میں / ساری مستی شراب کی سی ہے

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی / خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالب / مفت ہاتھ آئے، تو برا کیا ہے

## (حصہ دوئم)

10 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:

(i) خواجہ صاحب [حیدر علی آتش] اپنی آزاد مزاجی سے کہا کرتے تھے کہ میاں کہاں جاؤ گے؟ دو گھڑی مل بیٹھنے کو غنیمت سمجھو اور جو خدا دیتا ہے، اس پر صبر کرو۔ ایک دن وہ آئے اور کہا حضرت! رخصت کو آیا ہوں۔ فرمایا: "خیر باشد کہاں؟"

(ii) ایک مقنن ایک اصول قائم کرتا ہے، دوسرا اس کو توڑ دیتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ہم اپنی رائے کو کسی دوسرے کی تجویز کا پابند کریں۔ میں نے اپنے برابر والے سے پوچھنے کی کوشش بھی کی، کچھ ادھر ادھر نگاہ بھی دوڑائی، مگر گارڈ صاحب میری حالت کو کچھ ایسا تاڑ گئے تھے کہ ہر وقت بلائے ناگہانی کی طرح سر پر ہی کھڑے رہتے تھے۔

10 4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے:

(i) سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟ (ii) بی جان کا بیٹا احمد کیسے شہید ہوا؟

(iii) اکثر لوگ مرزا غالب کو کس طرح کے خط بھیجتے تھے؟ (iv) الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟

(v) محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟ (vi) انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

(vii) "امیر مینائی" کو مکاں اور لامکاں میں کون نظر آتا ہے؟ (viii) شاعر میر تقی میر "اضطراب" کی حالت میں کیا کرتے تھے؟

05 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) ہجرت نبوی ﷺ (ii) لہو اور قالین

05 6۔ نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیے۔

7۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر یا پرنسپل کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔ ۔ یا ۔

10 اپنے دوست کے نام خط میں کوئی ایسا واقعہ بیان کیجیے جس سے آپ کی حاضر دماغی کا اندازہ ہوتا ہو۔

05 8۔ "قوم کی خاطر ایثار" کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ ۔ یا ۔ تعلیم کے موضوع پر دو ہم جماعت دوستوں کا مکالمہ تحریر کیجیے۔

05 9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے:

(i) طبیعت نے چاہا تو چلا جاؤں گا۔ (ii) امجد نے کراچی جانا ہے۔ (iii) اللہ کا نام لے کر کمر کو باندھ لو۔

(iv) دس جگ، پانچ پلیٹیں، ایک گلاس ٹوٹ گئے۔ (v) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

۔ یا ۔

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) الٹے بانس ____ کو۔ (ii) باسی کڑھی میں ____ آیا۔ (iii) یہاں کا باوا آدم ہی ____ ہے۔

(iv) طویلے کی ____ بندر کے سر۔ (v) ہاتھوں کے ____ اڑنا۔



www.pakcity.org

رول نمبر: ____________

☆

جماعت نہم (نیو کورس)

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ پہلا

Objective Paper Code **5021**

FRD-G1-9-18

کل نمبر: 15 وقت: 20 منٹ

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حضرت امیر رضی اللہ عنہ سے مراد ہیں: | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | حضرت علی رضی اللہ عنہ |
| 2 | مرزا غالب کے نہایت وسیع تھے: | اخلاق | افکار | خصائل | کردار |
| 3 | محمد حسین آزاد پیدا ہوئے: | آگرہ | دلی | جالندھر | اعظم گڑھ |
| 4 | سلیم کو کس نے آکر جگایا؟ | نصوح نے | بیدارا نے | ماں نے | حضرت بی نے |
| 5 | ڈاکٹر کے مطابق میاں کو کیا بیماری تھی؟ | شوگر | دل کی بیماری | سردرد | تکان اور حرارت |
| 6 | سبق "امتحان" کے مصنف ہیں: | سر سید احمد خان | کرنل محمد خان | مرزا فرحت اللہ بیگ | میرزا ادیب |
| 7 | کاکول اکیڈمی واقع ہے: | مظفر آباد | ایبٹ آباد | نتھیا گلی | گھوڑا گلی |
| 8 | بادِ صبا گھر گھر کس کا پیغام لیے پھرتی ہے؟ | اللہ تعالیٰ کا | حضرت محمد ﷺ کا | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا | اولیائے کرام کا |
| 9 | نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کے خالق کون ہیں؟ | امیر مینائی | میر تقی میر | مرزا غالب | علامہ اقبال |
| 10 | شاعر اضطراب کی حالت میں بار بار کہاں جاتا ہے؟ | کوئے یار | محبوب کی چوکھٹ | میخانہ | اپنے گھر |
| 11 | لطف کی جمع ہے: | لطیف | الطاف | لطافت | لطائف |
| 12 | دوستانہ کا متضاد ہے: | آمرانہ | جابرانہ | مخالفانہ | موافقانہ |
| 13 | مترادف کی فہرست ہے: | راحت ، آرام | حکایت ، شکایت | حب ، محبت | شوق ، خوف |
| 14 | بھکاری کی مؤنث ہے: | تنبولن | دھوبن | بھکارن | درزن |
| 15 | ممانی کا مذکر ہے: | ماما | مسات | ماموں | مہتر |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر:.................

جماعت نہم (نیو کورس)

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

**وقت: 02:10 گھنٹے　　کل نمبر: 60**

FBD-G1-9-18

## (حصہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

**(حصہ نظم)**

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم　　کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر　　یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں　　جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) ملت کے ساتھ رابطہ اُستوار رکھ　　پیوستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ

**(حصہ غزل)**

(v) آتش غم میں دل بھنا شاید　　دیر سے بُو کباب کی سی ہے

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی　　خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں　　کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

## (حصہ دوئم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 10

(i) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشم انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر ﷺ آ رہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔

(ii) آپ ابھی تک اسے مذاق سمجھ رہے ہیں حالانکہ میں بالکل نارمل ہوں۔ ابھی تک آپ تصویر کا ایک ہی رخ دیکھ رہے ہیں اور اب اس کا دوسرا رخ دیکھیے جو اتنا بھیانک اور خوفناک ہے کہ آپ کے تصورات کا شیش محل ابھی زمیں بوس ہو جائے گا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) رسول پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا ارشاد فرمایا؟　(ii) مرزا غالب کو کہاں کہاں سے خط آتے تھے؟

(iii) سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟　(iv) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(v) پھولوں میں کس کی خوشبو ہے؟　(vi) علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

(vii) بہادر شاہ ظفر نے اپنی کس بدنصیبی کا ذکر کیا ہے؟

(viii) جوں جوں امتحان کے دن قریب آتے جاتے، مضمون نگار کے دوستوں اور ہم جماعتوں کا کیا حال ہوتا؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) کاہلی (ii) قدر ایاز 05

6۔ نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیے۔ 05

7۔ بڑے بھائی کو خط لکھ کر خیریت دریافت کیجیے۔ ۔یا۔ فوڈ کنٹرولر کے نام راشن ڈپو کے خلاف درخواست لکھیے۔ 10

8۔ "دودھ میں پانی" کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ ۔یا۔ مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) حیدر کو خط لکھا۔　(ii) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔　(iii) شہریار نے بکریوں کو مارا۔

(iv) میں دن مدرسے جاتا ہوں۔　(v) اپنے گریبان میں ہاتھ ڈالنا۔

۔یا۔

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) گڑ سے جو مرے تو ____　(ii) کاٹھ کی ہانڈی ____　(iii) طویلے کی بلا ____

(iv) زبان خلق کو ____　(v) نو سو چوہے کھا کے بلی ____

www.pakcity.org EDUCATION pakcity.org

رول نمبر: ____________

FBD-G2-9-18

جماعت نہم (نیو کورس)

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ　　کل نمبر: 15

**Objective Paper Code 5028**

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جس نظم میں حضور ﷺ کی تعریف بیان کی گئی ہو وہ کہلاتی ہے: | حمد | نعت | قصیدہ | رباعی |
| 2 | سانحہ پشاور کب پیش آیا؟ | 12 دسمبر 2014ء کو | 14 دسمبر 2014ء کو | 16 دسمبر 2014ء کو | 18 دسمبر 2014ء کو |
| 3 | والد صاحب قبلہ خوش تھے کہ بیٹا کسی زمانے میں بڑے بڑے وکیلوں کے کان ____۔ | کاٹے گا | کھینچے گا | کترے گا | مروڑے گا |
| 4 | سبق "آرام و سکون" کے مصنف کون ہیں؟ | مولوی نذیر احمد | سیّد امتیاز علی تاج | کرنل محمد خان | منشی پریم چند |
| 5 | شیخ جمن الگو چودھری کے ساتھ دور بیٹھے پی رہے تھے: | چائے | پانی | لسی | حقہ |
| 6 | لڑکوں کی نانی کو لوگ کہتے تھے: | حضرت بی | بڑی بی | دادی بی | خالہ بی |
| 7 | سر سیّد احمد خان نے اُردو میں کونسی صنف کو رواج دیا؟ | کہانی | مضمون | نظم | غزل |
| 8 | مرزا غالب دوستوں کو دیکھ کر ہو جاتے تھے: | ناراض | خوش | باغ باغ | غمگین |
| 9 | آسائش کا مترادف ہے: | آرام | کام | آلام | عام |
| 10 | فقیری کا متضاد ہے: | مال | دولت | بادشاہی | امیری |
| 11 | اسباق کا واحد ہے: | سبق | سابق | سابقہ | سوابق |
| 12 | حاکم کی جمع ہے: | حکم | حکیم | حکما | حکام |
| 13 | خان کی مؤنث ہے: | خاتون | خانم | خانگی | خانی |
| 14 | مقطع کے لغوی معنی ہیں: | جوڑنا | توڑنا | کاٹنا | اکھاڑنا |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org